صحت کی دیکھ بھال کی منتقلی کی حکمتِ عملی

ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے مریضوں کے بچوں/نوخیزوں کے معالجے سے بالغوں کی صحت کی دیکھ بھال میں منتقلی ہموار ہو۔ اس عمل کے دوران، ہم اپنے مریضوں اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور زیادہ تر فیصلے ان کے والدین اور سرپرست کے ذریعے کرنے والے دیکھ بھال کے "بچوں کے معالجے" والے ماڈل سے انہیں دیکھ بھال کے ایک "بالغ" ماڈل میں تبدیلی کے لیے تیارکرتے ہیں، جس میں نوجوان بالغ مریض اپنے فیصلوں کے ذمہ دارخود ہوتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ:

- ہمارے مریض جیسے ہی نوخیزوں کی عمر کے ہو جاتے ہیں تو ان کے دورے کا کچھ وقت ہمارے فراہم کنندہ کے ساتھ اکیلے میں گزرے گا۔ اس کا مقصد ان کو اپنی صحت کی دیکھ بھال میں زیادہ خود مختار بننے میں مدد کرنا ہے۔

- ہمارے مریض جب 18 برس کے ہو جاتے ہیں، تو قانونی طور پر وہ بالغ ہو جاتے ہیں اور ان کے بارے میں یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنی صحت کی دیکھ بھال کے فیصلے خود کرنے کے اہل ہیں۔ کئی مریض اپنی صحت کے حوالے سے فیصلوں کے سلسلے میں اپنے اہلِ خانہ سے مدد لینا جاری رکھنے کا انتخاب کرتے ہیں، ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔ تاہم، صحت کی ذاتی معلومات کے بارے میں اہلِ خانہ سے بات چیت ہم صرف مریض کی رضامندی کے ساتھ ہی کر پائیں گے۔

- صحت کی دیکھ بھال کی خصوصی ضروریات رکھنے والے نوجوانوں کو بالغوں کی دیکھ بھال کی جانب منتقلی میں کچھ زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ اگر ضرورت ہو، تو ہم والدین کو سرپرستی کے بارے میں مزید معلومات تلاش کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

نوخیزوں اور ان کے اہلِ خانہ کی بالغوں کی صحت کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کی جانب منتقلی کی تیاری میں دیکھ بھال کی ٹیم مدد کرتی ہے جو عموماً نوخیز کی عمر **22 برس ہو جانے سے پہلے بہم پہنچائی جاتی ہے۔** ہم ایک بالغ فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد کریں گے اور ان سے اپنے مریض کی صحت کی معلومات اور اس کی مخصوص ضروریات کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

براہِ مہربانی کوئی بھی سوال پوچھنے یا اپنے خدشات کا اظہار کرنے کے لیے ہم سے بلا جھجک رابطہ کریں۔ رابطے کی معلومات مندرجہ ذیل ہیں۔

آپ کی دیکھ بھال کی ٹیم:

رابطے کا نمبر :